# آپ کو تدریسی معذوریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیئے

علاقہ پیل کی تنظیم برائے تدریسی معذوریاں

شریک ہمراہ

پیل کا ریجنل ڈائیورسٹی راؤنڈ ٹیبل



## LDAPR کون ہے؟

Learning Disabilities Association of Peel ایک غیر منافع بخش خیراتی تنظیم ہے جو کہ تدریسی معذوریوں کے حامل بچوں، نوجوانوں اور بڑوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کی خاطر وقف ہے۔ اسے کمیونٹی کی جانب سے تقویت حاصل ہوتی ہے اور ہم یہ یقینی بنانے کی خاطر اپنے ممبران اور رضا کاران پر انحصار کرتے ہیں کہ بچے اور خاندان وہ معاونت پائیں جو انہیں کامیابی حاصل کرنے کی غرض سے درکار ہے۔



LDAPR تدریسی معذوریوں کے بارے میں عوام میں شعور اجاگر کرتے ہوئے، معذوریوں کے حامل افراد اور ان کے اہل خانہ کو تخصیصی پروگراموں، ورکشاپس، معاونتی گروپوں، تمام کی پیشکش کر کے تعاون دینے کی غرض سے اپنے شراکت داران کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔
ہماری کمیونٹی کی فیاضانہ معاونت کے ساتھ، LDAPR یہ یقینی بنانے کی خاطر کام کرتا ہے کہ ان کے پروگرامز تمام ضرورت مند افراد کی دسترس میں ہوں، انہیں آگے بڑھنے میں مدد دیں اور پیل کے علاقے کے اندر موجود خاندانوں کو وسائل اور معاونتیں فراہم کریں۔

## RDR کون ہے؟



ریجینل ڈائیورسٹی راؤنڈ ٹیبل(Regional Diversity Rountable, RDR)، ایک غیر منافع بخش خیراتی تنظیم ہے جو کہ کمیونٹی تنظیموں اور اداروں کو انسانی نگہداشت کی وہ خدمات فراہم کرنے میں مشغول کرنے کی غرض سے رہنما بننے پر کاربند ہے جو کہ مساوی، سماجی طور پر منصفانہ، ثقافتی طور پر اہل ہیں، اور ایک نہایت متنوع کمیونٹی کی ضرورتوں کو پورا کرتی ہیں۔ RDR نے کمیونٹی کی قیادت کا پروگرام وضع کیا اور متعارف کروایا ہے اور اس کے دوسرے مرحلے میں موجودہ طور پر 30 سفیروں اور 7 شراکت دار تنظیموں کے ساتھ کام کرتے ہوئے مشترکہ طور پر کمیونٹی کے وہ منصوبے پیش کر رہا ہے جو DEI کے اختیار کو توسیع دیں۔ کمیونٹی کے منصوبوں کو ہر تنظیم کے تربیت کار کی جانب سے تعاون حاصل ہے جو کہ باہمی طور پر فائندہ مند بامعنی گفت و شنید اور سرگرمیوں کے ذریعے پروگرام میں حصہ لینے والوں کے مابین مساوات اور مشغولیت کو فروغ دینے کے لئے کوشاں ہیں۔ شرکت کنندگان 9 ماہ کے تربیتی پروگرام میں بھی شامل ہوتے ہیں جو کہ OTF کی جانب سے فنڈڈ 2 سالہ منصوبے کا حصہ ہے۔

یہ کتابچہ LDAPR کی انتظامی ڈائریکٹر – ماریا ریولن (Maria Reolin) اور میزبان تنظیم، RDR کے زیر تربیت CLP پروگرام کے سفیران کی جانب سے منعقدہ منصوبے کی سرگرمی کا ایک حصہ ہے۔

# تدریسی معذوری کیا ہے؟

تدریسی معذوری کی تعریف یوں کی جا سکتی ہے:

امراض کا ایک سلسلہ جو اسی عمر کے دیگر بچوں جیسے متوقع مساوی سطح کے علم اور قابلیت کے حصول میں مشکلات پیدا کرتا ہے۔ یہ امراض، دوسری صورت میں اوسط تصوراتی اور توجیہی قابلیتوں کے ساتھ، سیکھنے سے متعلق تصوراتی عوامل میں درپیش مشکلات کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ تدریسی معذوریاں مخصوص ہوتی ہیں اور یوں ذہانتی معذوریوں سے مختلف ہوا کرتی ہیں۔

تدریسی معذوریاں جینیاتی یا حیاتیاتی عوامل کے سبب ہوا کرتی ہیں۔ وہ عوامل جیسا کہ ثقافتی یا زبانی تفریقوں، ناکافی ہدایت، سماجی اقتصادی حیثیت یا حوصلہ افزائی کی کمی کے سبب نہیں ہوتیں۔ اکثروبیشتر تدریسی معذوریاں دیگر عوارض، بشمول توجہ کے، رویہ جاتی اور جذباتی امراض، حسیاتی مشکلات یا دیگر طبی عارضوں کے ہمراہ پائی جاتی ہیں۔



"اگر ایک بچہ اس طرح سے نہیں سیکھ پاتا جس طرح ہم سکھاتے ہیں تو شائد ہمیں اس طرح سے سکھانا چاہیئے جس طرح وہ سیکھتا ہے۔"

اگنیشیو ایسٹراڈا (IGNACIO ESTRADA)

## عام تدریسی معذوریاں



تدریسی سرگرمیاں شدت کے حساب سے مختلف اقسام کی ہیں اور درج ذیل میں سے کسی ایک اہم قابلیت میں رکاوٹ ڈالتی ہیں:

- زبان دانی (مثلاً سننا، بولنا، سمجھنا)
- مطالعہ (مثلاً غیر مرموز کرنا، فہم و ادراک)
- تحریری زبان (مثلاً اسپیلنگ، تحریری الفاظ)
- ریاضی (مثلاً، حساب کتاب، مسئلہ حل کرنا)

تدریسی معذوریاں تنظیمی قابلیتوں، سماجی شعور، اور سماجی تعامل میں بھی مشکلات کا باعث ہو سکتی ہیں۔

یہ نقائص عموماً طویل العمر ہوتے ہیں۔ تاہم، ان کے اثرات، ماحول اور فرد کی خصوصیات کی بنیاد پر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مختلف انداز سے ظاہر ہو سکتے ہیں۔ بعض نقائص قبل از اسکول سالوں میں نظر میں آ سکتے ہیں، جبکہ دیگر کافی عرصے بعد تک بھی نظر نہیں آتے۔ اسکول کے سالوں کے دوران، تدریسی معذوریاں غیر متوقع طور پر پست تعلیمی کامیابی یا ایک ایسی کامیابی کے ذریعے پہچان میں آتی ہیں جو کہ صرف اعلیٰ سطح کی کاوش اور امداد کے ذریعے ہی ممکن ہوتی ہے۔

"ظاہر ہے، تدریسی معذوریوں کے حامل افراد مختلف انداز سے سیکھتے ہیں۔ تو کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ جس طرح سے سیکھتے ہیں وہ طریقہ غلط ہے؟"

جوان ڈم (JOANNE DUMM)

# تجاویز برائے والدین

کامیابی کے لئے، تدریسی معذوری کے حامل افراد کو گھر، اسکول، کمیونٹی، اور جائے کار کی ترتیبات کے اندر خصوصی مداخلتیں درکار ہیں جو ان کی انفرادی خوبیوں اور ضرورتوں، بشمول:

- خاص قابلیتی ہدایت:
- ازالے کی حکمت عملیوں کی وضع کاری:
- ذاتی وکالت کی قابلیتوں کی وضع کاری:
- موزوں مطابقتیں۔

سب سے اہم بات، تدریسی معذوری کی تشخیص کرنا ہے۔ تاکہ بچوں کی ابتدا ہی میں جانچ کی جا سکے۔ یہ طلباء کو وہ قابلیتیں پیدا کرنے کہ جو انہیں ابتدا ہی سے درکار ہیں اور ناگزیر معاونتیں حاصل کرنے کا مجاز کرے گا۔



# تدریسی معذوریوں کے بارے میں غلط نظریات

1. معذوریوں کے حامل بچوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات انہیں ایک ناجائز فائدہ پہنچاتی ہیں۔ انہیں صرف ان سے نمٹنا آنا چاہیئے۔

   **حقیقت:**
   - انہیں ناگزیر سہولیات فراہم کرنا انہیں وہ ناگزیر ٹولز تشکیل دینے میں مدد دیتا ہے جو انہیں کامیاب ہونے کی خاطر درکار ہیں۔
   - یہ سہولیات LDs کے حامل لوگوں کو اپنی معذوری کی بجائے اپنی صلاحیت کی سطح کے مطابق کام کرنے کا مجاز بناتی ہیں۔

2. تمام تدریسی معذوریاں ایک جیسی ہوتی ہیں۔

   **حقیقت:**
   - LDs پیچیدہ ہوتی ہیں اور ہر فرد کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔
   - LDs کی بہت سی اقسام نظر آتی ہیں اور یہ ہر ایک کو مختلف انداز سے متاثر کرتی ہیں۔
   - LDs کا اثر صورت حال کے تقاضوں کی بنیاد پر مختلف ترتیبات میں بدل سکتا ہے۔

3. تمام تدریسی معذوریاں عمر کے ساتھ ساتھ بڑھ جاتی ہیں۔

   **حقیقت:**
   - اکثر اوقات، LDs بچپن میں ہوا کرتی ہیں۔ جب ابتدائی مداخلتی علاج کیا جائے، تو نبٹنے کی قابلیتیں اور حکمت عملیاں بھی ساتھ رکھی جا سکتی ہیں تاکہ نوجوان افراد اپنی LDs کا مقابلہ کرنا سیکھ سکیں۔
   - LDs کے حامل بالغان نے اپنی اطراف کی دنیا کو دریافت کرنا سیکھ لیا ہے۔ وہ بارہا ایسی ملازمت تلاش کریں گے جو ان کی تدریسی معذوری کے عین مطابق ہو۔



# ہم سے رابطہ کریں

26-5155 Spectrum Way

Mississauga, ON L4W 5A1

(905) 272-4100 :ٹیلیفون

(905) 272-4863 :فیکس

WWW.LDAPR.CA :ویب سائٹ

## LEARNING DISABILITY ASSOCIATION OF PEEL REGION

### حوالہ جات:

Learning Disabilities Association of Peel. (n.d.) Retrieved from: https://www.idapr.ca/

Learning Disabilities Association of Ontario. *Myths and Facts about Learning Disabilities.* (n.d.). Retrieved from: http://www.ldao.ca/myths-facts-about-learning-disabilities/

**مجوزہ حوالہ جات:** Freire, T. & Singh, N.R. (2020). What You Need to Know About Learning Disabilities. Mississauga, ON: Regional Diversity Roundtable.